(واو) حرف عطف، (عملوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الصالحات) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (آمنوا) پر.

{لَهُمۡ أَجۡرٌ غَيۡرُ مَمۡنُون}

(لهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (اجر) موصوف، (غیر ممنون) بترکیب اضافی صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

تم اعراب هذه السورة بعون الله تعالى وفضله يوم الاربعاء على الساعة ٨:١٠ مساء ٢٦ / ٥ / ٢٠٢١، فالحمد لله والصلاة والسلام على رسول الله وعلى اله وصحبه اجمعين.

«««««»»»»»

تركيب سوره البروج

{وَٱلسَّمَآءِ ذَاتِ ٱلۡبُرُوجِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡمَوۡعُودِ وَشَاهِدٖ وَمَشۡهُودٖ}

(واو) حرف جار برائے قسم، (السماء) موصوف، (ذات البروج) بترکیب اضافی صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (الیوم الموعود) بترکیب توصیفی معطوف اول، (واو) حرف عطف، (شاھد) معطوف ثانی، (واو) حرف عطف، (مشھود) معطوف ثالث، معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفات سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) مقدر کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا.

ملاحظہ: اس کا جواب قسم (انهم ملعونون) محذوف ہے.

{قُتِلَ أَصۡحَٰبُ ٱلۡأُخۡدُودِ}

(قتل) فعل مجہول، (اصحاب الاخدود) بترکیب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ٱلنَّارِ ذَاتِ ٱلۡوَقُودِ}

(النار) موصوف، (ذات الوقود) بترکیب اضافی صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر بدل اشتمال ہے (الاخدود) سے.

{إِذۡ هُمۡ عَلَيۡهَا قُعُودٞ}

(اذ) ظرفیہ مضاف، (هم) مبتدا، (علیها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (قعود) کا، (قعود) اسم فاعل، اس میں (هم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہے (قتل) کا.

{وَهُمۡ عَلَىٰ مَا يَفۡعَلُونَ بِٱلۡمُؤۡمِنِينَ شُهُودٞ}

(واو) حرف عطف، (هم) مبتدا، (علی) حرف جار، (ما) اسم موصول، (یفعلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (بالمؤمنین) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ما) کا، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (شھود) کا، (شھود) اسم فاعل، اس میں (ھم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (ھم) کی، (ھم) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ھم علیھا قعود) پر.

{وَمَا نَقَمُواْ مِنۡهُمۡ}

(واو) حرف عطف، (ما) نافیہ، (نقموا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (منھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ھم علیھا قعود) پر.

{إِلَّآ أَن يُؤۡمِنُواْ بِٱللَّهِ ٱلۡعَزِيزِ ٱلۡحَمِيدِ}

(الا) حرف حصر، (ان) ناصبہ موصول حرفی، (یؤمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (باء) حرف جار، (اللہ) اسم جلالت موصوف، (العزیز) صفت اول، (الحمید) صفت ثانی، موصوف اپنی دونوں صفات سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی کا، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (نقموا) کا.

{ٱلَّذِي لَهُۥ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ}

(الذی) اسم موصول، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ملک) مضاف، (السموت والارض) بترکیب عطفی مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذی) کا، (الذی) اپنے صلہ سے ملکر صفت ثالث ہے (اللہ) اسم جلالت کی.

{وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ شَهِيدٌ}

(واو) استینافیہ، (اللہ) اسم جلالت مبتدا، (علی) حرف جار، (کل شیئ) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (شھید) کا، (شھید) صفت مشبہ، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّ ٱلَّذِينَ فَتَنُواْ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ ثُمَّ لَمۡ يَتُوبُواْ فَلَهُمۡ عَذَابُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (الذین) اسم موصول، (فتنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (المؤمنین والمؤمنات) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، (ثم) حرف عطف، (لم) نافیہ، (یتوبوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر اسم ہوا (ان) کا، (فاء) جزائیہ، (لهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (عذاب جهنم) بترکیب اضافی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَهُمۡ عَذَابُ ٱلۡحَرِيقِ}

(واو) حرف عطف، (لهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (عذاب الحریق) بترکیب اضافی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لهم عذاب جهنم) پر.

{إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُمۡ جَنَّٰتٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (الذین) اسم موصول، (آمنوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (عملوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الصالحات) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر اسم ہوا (ان) کا، (لهم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتة) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (هی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (جنات) مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کا، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ}

(تجری) فعل، (من) حرف جار، (تحتھا) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الانہار) فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ہے (جنات) کی.

{ذَٰلِكَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡكَبِيرُ}

(ذلک) مبتدا، (الفوز الکبیر) بترکیب توصیفی خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّ بَطۡشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (بطش ربک) بترکیب اضافی اس کا اسم، (لام) حرف تاکید، (شدید) خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّهُۥ هُوَ يُبۡدِئُ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھاء) اس کا اسم، (ھو) مبتدا، (یبدئ) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ھو) کی، (ھو) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَيُعِيدُ}

(واو) حرف عطف، (یعید) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یبدئ) پر.

{وَهُوَ ٱلۡغَفُورُ ٱلۡوَدُودُ ذُو ٱلۡعَرۡشِ ٱلۡمَجِيدُ فَعَّالٌ}

(واو) حرف عطف، (ھو) مبتدا، (الغفور) خبر اول، (الودود) خبر ثانی، (ذوالعرش) بترکیب اضافی خبر ثالث، (المجید) خبر رابع، (فعال) خبر خامس، مبتدا اپنی تمام خبروں سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ھو یبدئ) پر.

{لِّمَا يُرِيدُ}

(لام) حرف جار زائد برائے تقویت، (ما) اسم موصول، (یرید) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر مفعول بہ ہے (فعال) کا.

{هَلۡ أَتَىٰكَ حَدِيثُ ٱلۡجُنُودِ فِرۡعَوۡنَ وَثَمُودَ}

(هل) حرف استفہام، (اتی) فعل، (کاف) مفعول بہ، (حدیث) مضاف، (الجنود) مبدل منہ، (فرعون وثمود) بترکیب عطفی بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مضاف الیہ ہوا (حدیث) کا، (حدیث) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{بَلِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ فِي تَكۡذِيب}

(بل) حرف اضراب، (الذین) اسم موصول، (کفروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مبتدا، (فی تکذیب) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتون) مقدر کا، (ثابتون) اسم فاعل، اس میں (ہم) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَٱللَّهُ مِن وَرَآئِهِم مُّحِيطُ}

(واو) حرف عطف، (اللہ) اسم جلالت مبتدا، (من) حرف جار، (ورائهم) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (محیط) کا، (محیط) اسم فاعل، اس میں (ہو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (بل الذین کفروا فی تکذیب) پر.

{بَلۡ هُوَ قُرۡءَانٌ مَّجِيدٌ}

(بل) حرف اضراب، (ہو) مبتدا، (قرآن مجید) بترکیب توصیفی خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فِي لَوۡحٍ مَّحۡفُوظِۭ}

(فی) حرف جار، (لوح محفوظ) بترکیب توصیفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ہو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ثانی ہے (قرآن) کی.

تم اعراب هذه السورة بعون الله تعالى وفضله يوم الخميس علي الساعة ۲:۱۸ بعد الظهر ۲۷ / ٥ / ۲۰۲۱، فالحمد لله والصلاة والسلام على رسول الله وعلى اله وصحبه اجمعين.

«««««»»»»»

ترکیب سورہ الطارق

{وَٱلسَّمَآءِ وَٱلطَّارِقِ}

(واو) حرف جار برائے قسم، (السماء والطارق) بترکیب عطفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) فعل کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا.

{وَمَآ أَدۡرَىٰكَ}

(واو) اعتراضیہ، (ما) اسم استفہام مبتدا، (ادری) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (کاف) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ما) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ معترضہ ہوا.

{مَا ٱلطَّارِقُ}

(ما) اسم استفہام مبتدا، (الطارق) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر مفعول بہ ثانی ہے (ادری) کا.

{ٱلنَّجۡمُ ٱلثَّاقِبُ}

(النجم الثاقب) بترکیب توصیفی خبر ہے (ھو) مبتدائے محذوف کی، مبتدائے محذوف اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِن كُلُّ نَفۡسٖ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٞ}

(ان) حرف نفی، (کل نفس) بترکیب اضافی مبتدا، (لما) حرف استثناء بمعنی (الا)، (علیھا) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (حافظ) مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (کل نفس) کی، (کل نفس) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا.

{فَلۡيَنظُرِ ٱلۡإِنسَٰنُ}

(فاء) استینافیہ، (لینظر) فعل، (الانسان) اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{مِمَّ خُلِقَ}

(من) حرف جار، (ما) اسم استفہام مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (خلق) کا، (خلق) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مفعول بہ ہے (لینظر) کا.

{خُلِقَ مِن مَّآءٍ دَافِقٍ}

(خلق) فعل مجہول، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (من) حرف جار، (ماء دافق) بترکیب توصیفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{يَخۡرُجُ مِنۢ بَيۡنِ ٱلصُّلۡبِ وَٱلتَّرَآئِبِ}

(یخرج) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (من) حرف جار، (بین) مضاف، (الصلب والترائب) بترکیب عطفی مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ثانی ہے (ماء) کی.

{إِنَّهُۥ عَلَىٰ رَجۡعِهِۦ لَقَادِرٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھاء) اس کا اسم، (علی) حرف جار، (رجعه) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (قادر) کا، (لام) حرف تاکید، (قادر) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{يَوۡمَ تُبۡلَى ٱلسَّرَآئِرُ}

(یوم) مضاف، (تبلی) فعل مجہول، (السرائر) نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ، (یوم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (أُذْكُرْ) مقدر کا، (اذکر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{فَمَا لَهُۥ مِن قُوَّةٖ وَلَا نَاصِرٖ}

(فاء) حرف عطف، (ما) نافیہ، (له) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف

مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (من) حرف جار زائد، (قوة) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (لا) زائد، (ناصر) معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (تبلى السرائر) پر.

{وَٱلسَّمَآءِ ذَاتِ ٱلرَّجۡعِ}

(واو) حرف جار برائے قسم، (السماء) موصوف، (ذات الرجع) بترکیب اضافی صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) مقدر کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{وَٱلۡأَرۡضِ ذَاتِ ٱلصَّدۡعِ}

(واو) حرف عطف، (الارض) موصوف، (ذات الصدع) بترکیب اضافی صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف ہے (السماء) پر.

{إِنَّهُۥ لَقَوۡلٞ فَصۡلٞ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (هاء) اس کا اسم، (لام) حرف تاکید، (قول فصل) بترکیب توصیفی خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا.

{وَمَا هُوَ بِٱلۡهَزۡلِ}

(واو) حرف عطف، (ما) مشابہ بلیس، (هو) اس کا اسم، (باء) حرف جار زائد، (الهزل) خبر، (ما) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (انه لقول فصل) پر.

{إِنَّهُمۡ يَكِيدُونَ كَيۡدٗا}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (هم) اس کا اسم، (یکیدون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (کیدا) مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَأَكِيدُ كَيۡدٗا}

(واو) حرف عطف، (اکید) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (کیدا) مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یکیدون کیدا) پر.

{فَمَهِّلِ ٱلۡكَٰفِرِينَ}

(فاء) فصیحہ، (مهل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (الکافرین) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اذا کان الامر کذلک) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{أَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدَۢا}

(امهل) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (هم) مفعول بہ، (رویدا) مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

تم اعراب هذه السورة بعون الله تعالى وفضله يوم الخميس علي الساعة ٩:٣ مساء ٢٧ / ٥ / ٢٠٢١، فالحمد لله والصلاة والسلام على رسول الله وعلى اله وصحبه اجمعين.

«««««»»»»»

ترکیب سورہ الاعلی

{سَبِّحِ ٱسۡمَ رَبِّكَ ٱلۡأَعۡلَى}

(سبح) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (اسم) مضاف، (ربک) بترکیب اضافی موصوف، (الاعلی) صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ ہوا (اسم) کا، (اسم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (سبح) کا، (سبح) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا.

{ٱلَّذِي خَلَقَ}

(الذی) اسم موصول، (خلق) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذی) اپنے صلہ سے ملکر صفت ثانی ہے (ربک) کا.

{فَسَوَّىٰ}

(فاء) حرف عطف، (سوی) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (خلق) پر.

{وَٱلَّذِي قَدَّرَ}

(واو) حرف عطف، (الذی) اسم موصول، (قدر) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذی) اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (الذی خلق) میں موجود (الذی) پر.

{فَهَدَىٰ}

(فاء) حرف عطف، (ھدی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (قدر) پر.

{وَٱلَّذِيٓ أَخۡرَجَ ٱلۡمَرۡعَىٰ}

(واو) حرف عطف، (الذی) اسم موصول، (اخرج) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (المرعی) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذی) اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (الذی خلق) میں موجود (الذی) پر.
پر.

{فَجَعَلَهُۥ غُثَآءً أَحۡوَىٰ}

(فاء) حرف عطف، (جعل) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھاء) مفعول بہ اول، (غثاء احوی) بترکیب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (اخرج المرعی) پر.

{سَنُقۡرِئُكَ}

(سین) حرف استقبال، (نقرئ) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (کاف) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{فَلَا تَنسَىٰٓ}

(فاء) حرف عطف، (لا) نافیہ، (تنسی) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (سنقرئك) پر.

{إِلَّا مَا شَآءَ ٱللَّهُۚ}

(الا) حرف حصر، (ما) اسم موصول، (شاء) فعل، (اللہ) اسم جلالت فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہے (لا تنسی) کا.

{إِنَّهُۥ يَعۡلَمُ ٱلۡجَهۡرَ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھاء) اس کا اسم، (یعلم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (الجھر) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{وَمَا يَخۡفَىٰ}

(واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (یخفی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (الجھر) کا.

{وَنُيَسِّرُكَ لِلۡيُسۡرَىٰ}

(واو) حرف عطف، (نیسر) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (کاف) مفعول بہ، (للیسری) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (سنقرئك) پر.

{فَذَكِّرۡ}

(فاء) فصیحہ، (ذکر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اذا کان الامر کذالک) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{إِن نَّفَعَتِ ٱلذِّكۡرَىٰ}

(ان) حرف شرط، (نفعت) فعل، (الذکری) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء (فَذَكِّرۡ) محذوف ہے، شرط مذکور اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر حال ہے (ذکر) مذکور کے فاعل کا.

{سَيَذَّكَّرُ مَن يَخۡشَىٰ}

(سین) حرف استقبال، (یذکر) فعل، (من) اسم موصول، (یخشی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (یذکر) کا، (یذکر) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَيَتَجَنَّبُهَا ٱلۡأَشۡقَى}

(واو) حرف عطف، (یتجنب) فعل، (ھا) مفعول بہ، (الاشقی) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (سیذکر) پر.

{ٱلَّذِي يَصۡلَى ٱلنَّارَ ٱلۡكُبۡرَىٰ}

(الذی) اسم موصول، (یصلی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (النار الکبری) بترکیب توصیفی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذی) اپنے صلہ سے ملکر صفت ہے (الاشقی) کی.

{ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا}

(ثم) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یموت) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (فیھا) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (یصلی) پر.

{وَلَا يَحۡيَىٰ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یحی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا یموت) پر.

{قَدۡ أَفۡلَحَ مَن تَزَكَّىٰ}

(قد) حرف تحقیق، (افلح) فعل، (من) اسم موصول، (تزکی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (من) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل ہوا (افلح) کا، (افلح) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَذَكَرَ ٱسۡمَ رَبِّهِۦ}

(واو) حرف عطف، (ذکر) فعل، (اسم ربه) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (تزکی) پر.

{فَصَلَّىٰ}

(فاء) حرف عطف، (صلی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ذکر اسم ربه) پر.

{بَلۡ تُؤۡثِرُونَ ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَا}

(بل) حرف اضراب، (تؤثرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الحیاۃ الدنیا) بترکیب توصیفی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَٱلۡأٓخِرَةُ خَيۡرٞ وَأَبۡقَىٰٓ}

(واو) حالیہ، (الآخرة) مبتدا، (خیر وابقی) بترکیب عطفی خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (تؤثرون) کے فاعل کا.

{إِنَّ هَٰذَا لَفِي ٱلصُّحُفِ ٱلۡأُولَىٰ صُحُفِ إِبۡرَٰهِيمَ وَمُوسَىٰ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ھذا) اس کا اسم، (لام) حرف تاکید، (فی) حرف جار، (الصحف الاولی) بترکیب توصیفی مبدل منہ، (صحف) مضاف، (ابراھیم وموسی) بترکیب عطفی مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (ان) کی، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

تم اعراب هذه السورة بعون الله تعالى وفضله يوم الجمعة على الساعة ٦:٣٦ مساءً ٢٨ / ٥ / ٢٠٢١، فالحمد لله والصلاة والسلام على رسول الله وعلى اله وصحبه اجمعين.

««««««»»»»»

ترکیب سورہ الغاشیہ

{هَلۡ أَتَىٰكَ حَدِيثُ ٱلۡغَٰشِيَةِ}

(ھل) حرف استفہام، (اتی) فعل، (کاف) مفعول بہ، (حدیث الغاشیة) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا.

{وُجُوهٞ يَوۡمَئِذٍ خَٰشِعَةٌ عَامِلَةٞ نَّاصِبَةٞ}

(وجوہ) مبتدا، (یومئذ) بترکیب اضافی مفعول فیہ مقدم ہوا (خاشعة) کا، (خاشعة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر اول ہوا (وجوہ) کی، (عاملة) خبر ثانی، (ناصبة) خبر ثالث، مبتدا اپنی تمام خبروں سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{تَصۡلَىٰ نَارًا حَامِيَةٗ}

(تصلی) فعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نارا حامیة) بترکیب توصیفی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر رابع ہے (وجوہ) کی.

{تُسۡقَىٰ مِنۡ عَيۡنٍ ءَانِيَةٖ}

(تسقی) فعل مجہول، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، (من) حرف جار، (عین آنیۃ) بترکیب توصیفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر خامس ہے (وجوہ) کی.

{لَّيۡسَ لَهُمۡ طَعَامٌ}

(لیس) فعل ناقص، (لھم) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم ہوا (لیس) کی، (طعام) اسم مؤخر، (لیس) اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر سادس ہے (وجوہ) کی.

{إِلَّا مِن ضَرِيعٖ}

(الا) حرف حصر، (من ضریع) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (طعام) کی.

{لَّا يُسۡمِنُ}

(لا) نافیہ، (یسمن) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ہے (ضریع) کی.

{وَلَا يُغۡنِي مِن جُوعٖ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یغنی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (من جوع) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا یسمن) پر.

{وُجُوهٌ يَوۡمَئِذٖ نَّاعِمَةٞ}

(وجوہ) مبتدا، (یومئذ) بترکیب اضافی مفعول فیہ مقدم ہوا (ناعمۃ) کا، (ناعمۃ) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{لِّسَعۡيِهَا رَاضِيَةٞ}

(لام) حرف جار، (سعیها) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (راضیة) کا، (راضیة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ثانی ہے (وجوہ) کی.

{فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ}

(فی) حرف جار، (جنة عالیة) بترکیب توصیفی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتة) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ثالث ہے (وجوہ) کی.

{لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَٰغِيَةٌ}

(لا) نافیہ، (تسمع) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (فیها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (لاغیة) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ثانی ہے (جنة) کی.

{فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ}

(فیها) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتة) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (عین جاریة) بترکیب توصیفی مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صفت ثالث ہے (جنة) کی.

{فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ}

(فیها) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتة) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (سرر مرفوعة) بترکیب توصیفی معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (اکواب موضوعة) بترکیب توصیفی معطوف اول، (واو) حرف عطف، (نمارق مصفوفة) بترکیب توصیفی معطوف ثانی، (واو) حرف عطف، (زرابی مبثوثة) بترکیب توصیفی معطوف ثالث، معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفات سے ملکر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صفت رابع ہے (جنة) کی.

{أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى ٱلْإِبِلِ}

(ہمزہ) حرف استفہام، اور اس کے بعد (يُنْكِرُوْنَ الْبَعْثَ) مقدر ہے، جس میں (ینکرون) فعل، (واو) فاعل، (البعث) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

(فاء) حرف عطف، (لا) نافیہ، (ینظرون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الی الابل) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے درج بالا (ینکرون البعث) مقدر پر.

{كَيۡفَ خُلِقَتۡ}

(کیف) اسم استفہام حال مقدم ہے (خلقت) کے نائب فاعل کا، (خلقت) فعل مجہول، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر بدل اشتمال ہے (الابل) سے.

{وَإِلَى ٱلسَّمَآءِ}

(واو) حرف عطف، (الی السماء) جار مجرور سے ملکر معطوف ہے (الی الابل) پر.

{كَيۡفَ رُفِعَتۡ}

(کیف) اسم استفہام حال مقدم ہے (رفعت) کے نائب فاعل کا، (رفعت) فعل مجہول، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر بدل اشتمال ہے (السماء) سے.

{وَإِلَى ٱلۡجِبَالِ}

(واو) حرف عطف، (الی الجبال) جار مجرور سے ملکر معطوف ہے (الی الابل) پر.

{كَيۡفَ نُصِبَتۡ}

(کیف) اسم استفہام حال مقدم ہے (نوبت) کے نائب فاعل کا، (نصبت) فعل مجہول، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر بدل اشتمال ہے (الجبال) کا.

{وَإِلَى ٱلۡأَرۡضِ}

(واو) حرف عطف، (الی الارض) جار مجرور سے ملکر معطوف ہے (الی الابل) پر.

{كَيۡفَ سُطِحَتۡ}

(کیف) اسم استفہام حال مقدم ہے (سطحت) کے نائب فاعل کا، (سطحت) فعل مجہول، اس میں (ھی) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر بدل اشتمال سے.

{فَذَكِّرۡ}

(فاء) فصیحہ، (ذکر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (اذا کان الامر کذالک) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{إِنَّمَآ أَنتَ مُذَكِّرٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل، (ما) کافہ، (انت) مبتدا، (مذکر) خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ}

(لست) فعل ناقص، (تاء) اس کا اسم، (علیھم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو مقدم ہوا (مصیطر) کا، (باء) حرف جار زائد، (مصیطر) اسم فاعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا (لست) کی، (لست) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ}

(الا) حرف استثناء، (من) اسم موصول، (تولی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مستثنیٰ ہے (علیھم) کی (ھم) ضمیر سے.

{وَكَفَرَ}

(واو) حرف عطف، (کفر) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (تولی) پر.

{فَيُعَذِّبُهُ ٱللَّهُ ٱلْعَذَابَ ٱلْأَكْبَرَ}

(فاء) حرف عطف، (یعذب) فعل، (ھاء) مفعول بہ، (اللہ) اسم جلالت فاعل، (العذاب الاکبر) بترکیب توصیفی مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (تولی) پر.

{إِنَّ إِلَيْنَآ إِيَابَهُمْ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (الینا) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (ایابھم) بترکیب اضافی اسم مؤخر، (ان) اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{ثُمَّ إِنَّ عَلَيۡنَا حِسَابَهُم}

(ثم) حرف عطف، (ان) حرف مشبہ بالفعل، (علینا) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (حسابھم) بترکیب اضافی اسم مؤخر، (ان) اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ان الینا ایابھم) پر.

تم اعراب هذه السورة بعون الله تعالى وفضله يوم السبت على الساعة ٤:٥٠ مساء ٢٩ / ٥ / ٢٠٢١، فالحمد لله والصلاة والسلام على رسول الله وعلى اله وصحبه اجمعين.

«««««»»»»»

ترکیب سورہ الفجر

{وَٱلۡفَجۡرِ وَلَيَالٍ عَشۡرٖ وَٱلشَّفۡعِ وَٱلۡوَتۡرِ وَٱلَّيۡلِ}

(واو) حرف جار برائے قسم، (الفجر) معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (لیال عشر) بترکیب توصیفی معطوف اول، (واو) حرف عطف، (الشفع) معطوف ثانی، (واو) حرف عطف، (الوتر) معطوف ثالث، (واو) حرف عطف، (الیل) معطوف رابع، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (اقسم) مقدر کا، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا.

ملاحظہ: اس کا جواب قسم (لَتُعَذَّبُنَّ) محذوف ہے.

{إِذَا يَسۡرِ}

(اذا) ظرفیہ مضاف، (یسر) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ، (اذا) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (الیل) کا.

{هَلۡ فِي ذَٰلِكَ قَسَمٞ}

(ھل) حرف استفہام، (فی ذلک) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف

مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (قسم) مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{لِّذِي حِجۡرٍ}

(لام) حرف جار، (ذی حجر) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہے (قسم) کی.

{أَلَمۡ تَرَ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (لم) نافیہ، (تر) فعل، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ}

(کیف) اسم استفہام مفعول مطلق مقدم ہے (فعل) کا، (فعل) فعل، (ربک) بترکیب فاعل، (بعاد) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول مطلق مقدم اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مفعول بہ ہے (تر) کا.

{إِرَمَ ذَاتِ ٱلۡعِمَادِ}

(ارم) موصوف، (ذات العماد) بترکیب اضافی صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر بدل ہے (عاد) سے.

{ٱلَّتِي لَمۡ يُخۡلَقۡ مِثۡلُهَا فِي ٱلۡبِلَٰدِ}

(التی) اسم موصول، (لم) نافیہ، (یخلق) فعل مجہول، (مثلھا) بترکیب اضافی نائب فاعل، (فی البلاد) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (التی) اپنے صلہ سے ملکر صفت ثانی ہے (ارم) کی.

{وَثَمُودَ ٱلَّذِينَ جَابُواْ ٱلصَّخۡرَ بِٱلۡوَادِ}

(واو) حرف عطف، (ثمود) موصوف، (الذین) اسم موصول، (جابوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الصخر) مفعول بہ، (بالواد) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا (الذین) کا، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر صفت ہوا (ثمود) کی، (ثمود) موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف ہے (عاد) پر.

{وَفِرۡعَوۡنَ ذِي ٱلۡأَوۡتَادِ}

(واو) حرف عطف، (فرعون) موصوف، (ذی الاوتاد) بترکیب اضافی صفت، موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف ہے (عاد) پر.

{ٱلَّذِينَ طَغَوۡاْ فِي ٱلۡبِلَٰدِ}

(الذین) اسم موصول، (طغوا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (فی البلاد) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (الذین) اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہوا (اَعْنِیْ) مقدر کا، (اعنی) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

{فَأَكۡثَرُواْ فِيهَا ٱلۡفَسَادَ}

(فاء) حرف عطف، (اکثروا) فعل، اس میں (واو) فاعل، (فیها) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (الفساد) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (طغوا) پر.

{فَصَبَّ عَلَيۡهِمۡ رَبُّكَ سَوۡطَ عَذَابٍ}

(فاء) حرف عطف، (صب) فعل، (علیهم) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (ربک) بترکیب اضافی فاعل، (سوط عذاب) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (فاکثروا) پر.

{إِنَّ رَبَّكَ لَبِٱلۡمِرۡصَادِ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل، (ربک) بترکیب اضافی اس کا اسم، (لام) حرف تاکید، (بالمرصاد) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابت) مقدر کا، (ثابت) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، (ان) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا.

{فَأَمَّا ٱلۡإِنسَٰنُ إِذَا مَا ٱبۡتَلَىٰهُ رَبُّهُۥ فَأَكۡرَمَهُۥ وَنَعَّمَهُۥ فَيَقُولُ}

(فاء) استینافیہ، (اما) حرف شرط برائے تفصیل، (الانسان) مبتدا، (اذا) ظرفیہ مضاف، (ما) زائد، (ابتلی) فعل، (هاء) مفعول بہ، (ربه) بترکیب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، (فاء) حرف عطف، (اکرم) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (هاء) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف اول، (واو) حرف عطف، (نعم) فعل، اس میں (هو) ضمیر

پوشیده فاعل، (ھاء) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفات سے ملکر مضاف الیہ ہوا (اذا) کا، (اذا) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ مقدم ہوا (یقول) کا، (فاء) جوابیہ، (یقول) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (الانسان) کی، (الانسان) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (یُوْجَدُ شَیْئٌ) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{رَبِّيٓ أَكۡرَمَنِ}

(ربی) بترکیب اضافی مبتدا، (اکرم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نون) برائے وقایہ، (یاء) محذوف مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{وَأَمَّآ إِذَا مَا ٱبۡتَلَىٰهُ فَقَدَرَ عَلَيۡهِ رِزۡقَهُۥ فَيَقُولُ}

(واو) حرف عطف، (اما) حرف شرط برائے تفصیل، (اذا) ظرفیہ مضاف، (ما) زائد، (ابتلی) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (ھاء) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، (فاء) حرف عطف، (قدر) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (علیہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (رزقہ) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا (اذ) کا، (اذا) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ مقدم ہوا (یقول) کا، (فاء) جوابیہ، (یقول) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ھو) مبتدائے محذوف کی، مبتدائے محذوف اپنی خبر مذکور سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزاء ہوا شرط محذوف (یُوْجَدُ شَیْئٌ) کی، شرط محذوف اپنی جزائے مذکور سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے (فاما الانسٰن...فیقول) پر.

{رَبِّيٓ أَهَٰنَنِ}

(ربی) بترکیب اضافی مبتدا، (اھان) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (نون) برائے وقایہ، (یاء) محذوف مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{كَلَّاۖ بَل لَّا تُكۡرِمُونَ ٱلۡيَتِيمَ}

(کلا) حرف ردع، (بل) حرف اضراب، (لا) نافیہ، (تکرمون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (الیتیم) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَا تَحَٰٓضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ ٱلۡمِسۡكِينِ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (تحاضون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (علی) حرف جار، (طعام المسکین) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تکرمون) پر.

{وَتَأۡكُلُونَ ٱلتُّرَاثَ أَكۡلٗا لَّمّٗا}

(واو) حرف عطف، (تأکلون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (التراث) مفعول بہ، (اکلا لما) بترکیب توصیفی مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تکرمون) پر.

{وَتُحِبُّونَ ٱلۡمَالَ حُبّٗا جَمّٗا}

(واو) حرف عطف، (تحبون) فعل، اس میں (واو) فاعل، (المال) مفعول بہ، (حبا جما) بترکیب توصیفی مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا تکرمون) پر.

{كَلَّآ إِذَا دُكَّتِ ٱلۡأَرۡضُ دَكّٗا دَكّٗا}

(کلا) حرف ردع، (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم ہوا (دکت) کا، (دکت) فعل مجہول، (الارض) نائب فاعل، (دکا) مؤکد، (دکا) تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے ملکر مفعول مطلق، فعل مجہول اپنے نائب فاعل، مفعول فیہ مقدم اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اور اس کی جزاء {يَوۡمَئِذٖ يَتَذَكَّرُ ٱلۡإِنسَٰنُ} ہے، جس میں (یومئذ) برائے تاکید، (یتذکر) فعل، (الانسان) فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا.

{وَجَآءَ رَبُّكَ وَٱلۡمَلَكُ صَفّٗا صَفّٗا}

(واو) حرف عطف، (جاء) فعل، (ربک) بترکیب اضافی معطوف علیہ، (واو) حرف عطف، (الملک) ذوالحال، (صفا) مؤکد، (صفا) تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے ملکر حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر فاعل ہوا (جاء) کا، (جاء) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف ہے (دکت الارض) پر.

{وَجِاْيٓءَ يَوۡمَئِذِۭ بِجَهَنَّمَ}

(واو) حرف عطف، (جیئ) فعل مجہول، (یومئذ) بترکیب اضافی مفعول فیہ، (بجهنم) جار مجرور سے ملکر نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف ہے (دکت الارض) پر.

{وَأَنَّىٰ لَهُ ٱلذِّكۡرَىٰ}

(واو) اعتراضیہ، (انی) اسم استفہام مفعول فیہ ہوا (ثابتة) مقدر کا، (ثابتة) اسم فاعل، اس میں (هی) ضمیر پوشیده فاعل، (له) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہے اسی (ثابتة) کا، (ثابتة) اپنے فاعل، مفعول فیہ اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، (الذکری) مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ معترضہ ہوا.

{يَقُولُ}

(یقول) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیده فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بدل اشتمال ہے (یتذکر الانسان) سے.

{يَٰلَيۡتَنِي قَدَّمۡتُ لِحَيَاتِي}

(یا) برائے تنبیہ، (لیت) حرف مشبہ بالفعل، (نون) برائے وقایہ، (یاء) اسم ہے (لیت) کا، (قدمت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، (لام) حرف جار، (حیاتی) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (لیت) کی، (لیت) اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{فَيَوۡمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُۥٓ أَحَدٌ}

(فاء) استینافیہ، (یومئذ) بترکیب اضافی مفعول فیہ مقدم ہوا (یعذب) کا، (لا) نافیہ، (یعذب) فعل، (عذابہ) بترکیب اضافی مفعول مطلق، (احد) فاعل، فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ مقدم اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُۥٓ أَحَدٞ}

(واو) حرف عطف، (لا) نافیہ، (یوثق) فعل، (وثاقہ) بترکیب اضافی مفعول مطلق، (احد) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (لا یعذب) پر.

{يَٰٓأَيَّتُهَا ٱلنَّفۡسُ ٱلۡمُطۡمَئِنَّةُ}

(یا) حرف ندا قائم مقام (ادعو) کے، (ادعو) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (اية) مبدل منہ، (ھا) برائے تنبیہ، (النفس المطمئنة) بترکیب توصیفی بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر منادی مفعول بہ، (ادعو) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{ٱرۡجِعِيٓ إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةٗ مَّرۡضِيَّةٗ}

(ارجعی) فعل، اس میں (یاء) فاعل، (الی) حرف جار، (ربک) بترکیب اضافی مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (راضية) حال اول ہے (ارجعی) کے فاعل کا، (مرضية) حال ثانی، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا ہوا.

{فَٱدۡخُلِي فِي عِبَٰدِي}

(فاء) حرف عطف، (ادخلی) فعل، اس میں (یاء) فاعل، (فی) حرف جار، (عبادی) مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (ارجعی) پر.

{وَٱدۡخُلِي جَنَّتِي}

(واو) حرف عطف، (ادخلی) فعل، اس میں (یاء) فاعل، (جنتی) بترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے (ادخلی) پر.

تم اعراب هذه السورة بعون الله تعالى وفضله يوم الاحد علي الساعة ۱:۹ ليلا ۳۰ / ۵ / ۲۰۲۱، فالحمد لله والصلاة والسلام على رسول الله وعلى اله وصحبه اجمعين.

«««««»»»»»

ترکیب سورہ البلد

{لَآ أُقۡسِمُ بِهَٰذَا ٱلۡبَلَدِ}

(لا) زائد، (اقسم) فعل، اس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل، (باء) حرف جار، (ھذا) مبدل منہ، (البلد) بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا.

{وَأَنتَ حِلُّۢ بِهَٰذَا ٱلۡبَلَدِ}

(واو) حالیہ، (انت) مبتدا، (حل) مصدر بمعنی اسم فاعل (حَالٌّ)، اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل، (باء) حرف جار، (هذا) مبدل منہ، (البلد) بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مجرور، جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا (حل) کا، (حل) مصدر اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر خبر ہوا (انت) کی، (انت) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ہے (البلد) کا.

{وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ}

(واو) حرف عطف، (والد) معطوف ہے (البلد) اول پر، (واو) حرف عطف، (ما) اسم موصول، (ولد) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے (البلد) اول پر.

{لَقَدۡ خَلَقۡنَا ٱلۡإِنسَٰنَ}

(لام) حرف تاکید، (قد) حرف تحقیق، (خلقنا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (الانسان) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا.

{فِي كَبَدٍ}

(فی کبد) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتا) مقدر کا، (ثابتا) اسم فاعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہے (الانسان) کا.

{أَيَحۡسَبُ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (یحسب) فعل، اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{أَن لَّن يَقۡدِرَ عَلَيۡهِ أَحَدٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل مخففہ عن المثقلہ موصول حرفی، (هاء) ضمیر شان محذوف اس کا اسم، (لن) نافیہ، (یقدر) فعل، (علیه) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (احد) فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کے اسم کی، (ان) موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (یحسب) کا.

{يَقُولُ}

(یقول) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا.

{أَهۡلَكۡتُ مَالٗا لُّبَدًا}

(اھلکت) فعل، اس میں (تاء) فاعل، (مالا لبدا) بترکیب توصیفی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہے (یقول) کا.

{أَيَحۡسَبُ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (یحسب) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{أَن لَّمۡ يَرَهُۥٓ أَحَدٌ}

(ان) حرف مشبہ بالفعل مخففہ عن المثقلہ موصول حرفی، (ھاء) ضمیر شان محذوف اس کا اسم، (لم) نافیہ، (یر) فعل، (ھاء) مفعول بہ، (احد) فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوا (ان) کے اسم کی، (ان) موصول حرفی کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد مفعول بہ ہے (یحسب) کا.

{أَلَمۡ نَجۡعَل لَّهُۥ عَيۡنَيۡنِ وَلِسَانٗا وَشَفَتَيۡنِ}

(ہمزہ) حرف استفہام، (لم) نافیہ، (نجعل) فعل، اس میں (نحن) ضمیر پوشیدہ فاعل، (لہ) جار مجرور سے ملکر ظرف لغو، (عینین ولسانا وشفتین) بترکیب عطفی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا.

{وَهَدَيۡنَٰهُ ٱلنَّجۡدَيۡنِ}

(واو) حرف عطف، (ھدینا) فعل، اس میں (نا) فاعل، (ھاء) مفعول بہ اول، (النجدین) مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (الم نجعل لہ) پر.

{فَلَا ٱقۡتَحَمَ ٱلۡعَقَبَةَ}

(فاء) حرف عطف، (لا) نافیہ، (اقتحم) فعل، اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل، (العقبۃ) مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (ھدینٰہ النجدین) پر.

{وَمَآ أَدۡرَىٰكَ}

